CIVIC ACTION TEAMS

Pakistan Coronavirus CivActs Campaign


# بلیٹن نمبر 38

5 جولائی، 2021

اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان نے اپنے پراجیکٹ "سٹرینتھننگ کمیونٹی ریزیلینس ٹو کووِڈ۔19" کے تحت یورپین یونین کی مالی اور ایشیا فاؤنڈیشن پاکستان اور محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی تکنیکی معاونت سے "کروناوائرس سِوک ایکٹس کیمپین " کا آغاز کیا ہے۔ اس مہم کے دوران افواہوں، جعلی خبروں اور غلط معلومات کو رد کرکے مستند حقائق کو جانچ کرعوامی آگاہی کے لیے ایک ہفتہ وار بُلیٹن تیار کیا جاتاہے۔ بلیٹن میں حکومتی فیصلے، ویکسین مہم ، کمیونٹی کا فیڈ بیک اور تحفظات اور عمومی صحت اور کووڈ۔19 کے گرد گھومتے سوالوں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس مہم کا مقصد بالخصوص خیبر پختونخوا اور سندھ کے پسماندہ طبقات (بشمول نسلی اور مذہبی اقلیتوں، ٹرانسجینڈرز، معذور افراد) اور دیگر سہولیات سے محروم طبقات تک آگاہی پھیلانا ہے۔ ان بُلیٹنز کا اردو اور دیگر علاقائی زبانوں جیسا کہ پشتو (صوتی بلیٹن) اور سندھی میں ترجمہ کرکے انہیں عوام الناس تک پہنچا یا جاتا ہے تاکہ دور دراز رہنے والے شہریوںمیں کروناوائرس وبا کے خلاف مزاحمت اور مدافعت پیدا کی جاسکے۔ یہ بُلیٹنز آن لائن اور آف لائن ذرائع سے متعلقین جن میں سرکاری ادارے، ڈونرز، شہری اور سماجی ادارے شامل ہیں ، تک پہنچائے جاتے ہیں

## کووِڈ 19 ڈیش بورڈ

(پاکستان)



**گلگت بلتستان**
- 6,427
- 481
- 111
- 5,835

**کے پی کے**
- 138,533
- 1,575
- 4,340
- 132,618

**بلوچستان**
- 27,419
- 694
- 312
- 26,413

**اسلام آباد**
- 82,969
- 1,117
- 780
- 81,072

**کشمیر**
- 20,558
- 546
- 588
- 19,424

**پنجاب**
- 346,852
- 8,100
- 10,776
- 327,976

**سندھ**
- 340,902
- 20,786
- 5,520
- 314,596

تصدیق شدہ کیس | کل اموات | کل ایکٹو کیس | کل رکوریز

| تصدیق شدہ کیس | کل ایکٹو کیس | کل اموات | کل رکوریز |
|---|---|---|---|
| 963,660 | 33,299 | 22,427 | 907,934 |

يورپيئن يونيئن جي مالي تعاون سان

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

هن اشاعتي مواد کي يورپين يونين جي مالي تعاون کان ممڪن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اڪائونٽيبلٽي ليب پاڪستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپيئن يونيئن هن ۾ پيش ڪيا ويا خيالات کان متفق هجن

CIVIC ACTION TEAMS

# کروناوائرس ویکسین کی تازہ ترین صورتحال

| ویکسین کی کُل لگائی جانے والی تعداد | سنگل ڈوز | ڈبل ڈوز |
|---|---|---|
| 17,390,346 | 14,026,856 | 3,363,490 |
| گزشتہ 24 گھنٹے: 389,257 | گزشتہ 24 گھنٹے: 290,377 | گزشتہ 24 گھنٹے: 98,880 |

## حقیقت اور افواہ




سخت گرمی میں رہنے سے کروناوائرس کی منتقلی کا خطرہ کم نہیں ہوتا۔ اسی طرح دھوپ کی وجہ سے کرناوائرس نہ تو ختم ہوتاہے اور نہ ہی کمزور، اس کا مطلب یہ ہوا کہ زیادہ دیر تک دھوپ میں رہنے سے آپ کے کروناوائرس سے متاثرہونے کا خطرہ کم نہیں ہوتا۔ زیادہ دیر دھوپ میں رہنے سے دیگر بیماریوں مثلاً ہیٹ سٹروک، ناک بہنے یا گرمی سے ہونے والے دیگر شدید مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مزید براں دھوپ میں رہنے سے کسی کا کروناوائرس کا علاج نہیں ہوتا اورنہ ہی اس کی علامات میں کمی واقع ہوتی ہے لہٰذا ایسے ٹوٹکوں کی بجائے کروناوائرس انفیکشن کی صورت میں میڈیکل سپیشلسٹ سے ہی رجوع کرناچاہیے۔ اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ باہر گرمی کی وجہ سے لوگ ایس او پیز پر عمل کرنا چھوڑ دیں اور عوامی اجتماعات میں شرکت کرنا شروع کردیں۔ موسمِ گرما کے دوران ذاتی تجربات پر عمل کرنے سے گریز کریں تمام حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل پیرا رہیں ۔

(ذریعہ۔ ایورٹ)

سوشل میڈیا پر یہ گمراہ کن معلومات پھیلائی جارہی ہیں کہ پاکستان کے پاس ویکسینز کا ذخیرہ ختم ہوچکا ہے۔ یہ جھوٹ ہے اور اسے سنجیدہ نہیں لینا چاہیے۔ پاکستان کے پاس اس وقت چین سے درآمدہ ویکسینز سائنو فارم، سائنو ویک اور کین سائنو ، برطانیہ کی آسٹرا زینیکا اور جرمن امریکن ویکسین فائز کے ذخائر موجود ہیں ۔ پاکستان کے پاس اپنی مقامی سطح پر تیار کردہ ویکسین پاک ویک بھی موجود ہے ۔ ملک میں ویکسینز کی تازہ صورت حال جاننے کے لیے فیس بک اور وٹس ایپ جیسے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی بجائے حکومتی ویب سائٹ سے رجوع کریں ۔ کسی سوال کی صورت میں متعلقہ حکام سے رابطہ کریں اور کوئی معلومات سوشل میڈیا پر اس وقت تک شیئر نہ کریں جب تک اس کی تصدیق متعلقہ اداروں سے نہیں ہو جاتی۔

(ذریعہ ۔ این سی او سی)

The Asia Foundation

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

accountabilitylab PAKISTAN

يورپيئن يونئين جي مالي تعاون سان

هن اشاعتي مواد کي يورپيئن يونئين جي مالي تعاون کان ممکن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اکائونٽيبلٽي ليب پاڪستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپيئن يونئين  هن ۾ پيش کيا ويا خيالات کان متفق هجن

## سندھ میں پابندیوں میں مزید نرمی

صوبے میں کروناوائرس کے مثبت کیسز میں کمی کے بعد حکومتِ سندھ نے پہلے سے بند عوامی مقامات کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے مزارات، جمنازیمز، امیوزمنٹ پارکس اور دیگر عوامی مقامات کو چند میں زائرین کی محدود تعداد کے ساتھ اور تمام مقامات پر ایس اوپیز کی سخت پابندی کے ساتھ کھولا گیا ہے۔ تمام مقامات کے داخلی دروازوں سے عملے اور زائرین کے لیے ماسک اور سینیٹائزرز کا استعمال اور ایس اوپیز پر عملدرآمد لازمی قراردیے گئے ہیں ۔ یہ تبدیلیاں سندھ میں لمبے عرصے تک رکھے جانے والے لاک ڈاؤن کے بعد کیا گیا جس کی درخواست سندھ کے وزیر نے وزیر اعظم عمران خان سے کی تھی۔

(ذریعہ۔ دنیا نیوز)

## خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کے لیےکروناوائرس ویکسین لازمی قرار

صوبے میں عوامی دلچسپی بڑھانے کے لیے خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کے لیے کروناوائرس ویکسین لگوانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ سرکاری ملازمین کے لیے جاری ہدایت نامے میں کہا گیا ہے کہ وہ اپنے خاندان کے افراد کو بھی لازمی ویکسین لگوائیں۔ شروع میں لوگوں میں ویکسین لگوانے کے لیے ہچکچاہٹ پائی جاتی تھی جس کی وجہ سے صوبے میں ویکسین لگوانے والوں کی تعداد بہت کم تھی تاہم جیسے ملک کے دیگر حصوں میں ویکسین لگوانے کے رجحان میں اضافہ ہوا خیبر پختونخوا میں بھی عوام کی بڑی تعداد نے اس میں دلچسپی ظاہر کی۔ سرکاری ملازمین کے لیے لازمی قراردیا گیا ہے کہ وہ اپنے اور اپنے خاندان کے دیگر افراد کے نمز کی طرف سے جاری ہونے والے ویکسین سرٹیفیکیٹ جمع کروائیں ۔

(ذریعہ۔ سما نیوز)

## کرونا وائرس ویکسین کے اب تک سامنے آنے والے سائیڈ ایفیکٹس

**35.7%**
بخار اور کپکپی

**33.7%**
ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد یا سرخی

**15.4%**
سر درد، جسم درد، زکام

**8.8%**
دیگر

**6.7%**
ہیضہ۔

ذریعہ۔ حکومتِ پاکستان

یورپیئن یونئین جي مالي تعاون سان

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

هن اشاعتي مواد کي يورپيئن يونئين جي مالي تعاون کان ممکن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اکائونٽيبلٽي ليب پاڪستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپيئن يونئين هن ۾ پيش ڪيا ويا خيالات کان متفق هجن

CIVIC ACTION TEAMS

## یکم جولائی سے ہوائی سفر پر عائد پابندیاں ہٹا دی گئیں



پاکستان میں کرونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 2 اعشاریہ 05 فیصد ہونے کے بعد حکومت نے ملک میں آنے والی بین الاقومی پروازوں پر عائد بعض پابندیاں ہٹا نے کا فیصلہ کیا ہے۔ تمام یورپی ممالک ، کینیڈا، چین اور ملائیشا سے پاکستان سفر کی اجازت سے دی گئی ہے ۔ تاہم یہ پروازیں اپنے مکمل شیڈول کے ساتھ نہیں چل سکیں گی اور پاکستان پہنچنے پر مسافروں کا فوری طور پر اینٹی جن ٹیسٹ ہوگا جس کے لیے قرنطینہ بھی درکار ہوگا، اس سلسلے میں این سی اوسی کی طرف سے دستاویزات جاری کر دی گئی ہیں جن کے مطابق پاکستان سفر کرنے کے لیے احتیاطی تدابیر اور پابندیاں ابھی بھی لاگو ہیں ۔ اس وقت پاکستان میں 20 فیصد مسافروں کے ساتھ پروازوں کی اجازت ہے تاہم ایسے ممالک جہاں سے پاکستان سفر کرنے پر پابندی ہے کے علاوہ یکم جولائی سے پروازوں کو 40 فیصد مسافروں کو لانے کی اجازت ہوگی۔

(ذرائع: الجزیرا)


COVID-19 UPDATES

## جولائی میں کروناوائرس کی چوتھی لہر آنے کی تنبیہ

ملک میں کووڈ۔19 پھیلنےسے متعلق استعمال کی جانے والی آرٹیفیشل انٹیلجنس کی پیش گوئی کے مطابق پاکستان میں کروناوائرس کی چوتھی لہر آسکتی ہے۔ این سی اوسی کے سربراہ اسد عمر نے لوگوں کے ایس او پیز پر عمل درآمد اور ویکسین لگوانے کے رجحان میں کمی پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے، کروناوائرس کے خلاف پاکستان کی اب تک کی کارکردگی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم سمجھ سکیں کہ غفلت کی صورت میں کس طرح کے سنگین نتائج کا سامناکرنا پڑ سکتا ہے اور اب تک کی پیش رفت کس طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ پاکستان میں گزشتہ دو ہفتوں سے کروناوائرس کے مثبت کیسز کی تعداد مسلسل ایک ہزار سے کم رہی ہے جو گزشتہ 8 ماہ کے دوران پہلی مرتبہ ہو رہا ہے۔

(ذریعہ۔ خلیج ٹائمز)

# کووِڈ۔19 کی ویکسین لگوانے کے رجسٹریشن کا طریقہ کار



18 سال سے زائد عمر کے شہری




رجسٹریشن ۔ کسی بھی موبائل نمبر سے اپنا شناختی کارڈ نمبر 1166 پر ایس ایم ایس کریں (موبائل نمر آپ کا اپنا ہونا ضروری نہیں) یا نمز کی ویب سائٹ پرجا کر خود کو رجسٹرڈ کریں



اپنی رجسٹریشن کے بعد اپنے اصلی شناختی کارڈ اور1166 سے موصول ہونے والے تصدیقی کوڈ کے ساتھ اپنے ضلع کے قریب ترین ویکسین مرکزجاکر ویکسین لگوا سکتے ہیں

یورپئین یونئین جي مالي تعاون سان

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

هن اشاعتي مواد کي يورپئين يونئين جي مالي تعاون کان ممکن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اکائونٽيبلٽي ليب پاکستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپئين يونئين هن ۾ پيش کيا ويا خيالات کان متفق هجن

# Major vaccination centers in KP and Sindh

## سندھ

### سکھر

| | |
|---|---|
| آئی ایچ ایس ہسپتال لیبر فلیٹس | 0715811532 |
| ٹی ایچ پنوں عاقل | 0715690500 |
| ٹی ایچ روہڑی ۔ | 0333 7128627 |

### خیرپور

| | |
|---|---|
| رانی پور | 03347382264 |
| ٹھری میر واہ۔ | 03333960839 |
| تعلقہ ہسپتال کوٹ ڈیجی۔ | 03013582910 |

### شکار پور

| | |
|---|---|
| دیہی مرکزِ صحت ، سلطان کوٹ۔ | 03337577008 |
| دیہی مرکزِ صحت خان پور | 03003131100 |
| دیہی مرکزِ صحت ، گڑھی یاسین ۔ | 03453945330 |

### جیکب آباد

| | |
|---|---|
| سول ہسپتال، جیکب آباد | 03337341698 |
| تعلقہ ہسپتال ، ٹھل | 03335765590 |
| دیہی مرکزِ صحت گڑھی حسن | 03003174277 |

### لاڑکانہ

| | |
|---|---|
| ٹی ایچ ڈوکری | 03337517256 |
| سی ایم سی ہسپتال ، لاڑکانہ | 03337533685 |
| رتو ڈیرو | 03453852452 |

## خیبر پختونخوا

### پشاور

| | |
|---|---|
| دیہی مرکز صحت ریگی۔ | 03335042588 |
| مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر مٹانی | 03459146891 |
| پبلک ہیلتھ سکول | 03339611020 |

### چارسدہ

| | |
|---|---|
| بنیادی صحت مرکز محمد ناری | 03045270647 |
| ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چارسدہ۔ | 03339015031 |
| دیہی مرکز صحت بٹگرام | 03149160346 |

### مردان

| | |
|---|---|
| ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال مردان۔ | 03005921350 |
| مردان میڈیکل کمپلیکس | 0333929881 |
| تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تخت بھائی۔ | 03339191353 |

### صوابی

| | |
|---|---|
| بنیادی مرکزِ صحت ، جھنڈا۔ | 03005921350 |
| بنیادی مرکزِ صحت ، کوٹھا | 0333929881 |
| سی ایچ کالو خان۔ | 03339191353 |

### ہری پور

| | |
|---|---|
| سی ڈی کوٹ نجیب اللہ | 03059349975 |
| سول ہسپتال کے ٹی ایس | 03330928292 |
| ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال، ہری پور | 03155046070 |

یورپیئن یونئین جي مالي تعاون سان

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

هن اشاعتي مواد کي يورپئين يونئين جي مالي تعاون کان ممکن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اکائونٽيبلٽي ليب پاڪستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپيئن يونئين هن ۾ پيش ڪيا ويا خيالات کان متفق هجن

# میں اپنا ٹیسٹ کہاں سے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

| | |
|---|---|
| اسلام آباد | **قومی ادارہ صحت**<br>پارک روڈ ، چک شہزاد ، اسلام آباد |
| کراچی | **آغا خان یونیورسٹی ہسپتال**<br>، اسٹیڈیم روڈ ، کراچی ، سندھ |
| حیدرآباد | **لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (LUMHS)** ،<br>لبرٹی مارکیٹ چکر ، لیاقت یونیورسٹی اسپتال کے قریب ، حیدرآباد ، سندھ |
| خیرپور | **گمبٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز**<br>، گمبٹ ، خیرپور ، سندھ |
| پشاور | **حیات آباد میڈیکل کمپلیکس**<br>، فیز 4 فیز 4 حیات آباد ، پشاور ، کے پی |
| مردان | **چغتائی لیب ،**<br>مردان پوائنٹ ، شمسی روڈ ، مردان ، کے پی |
| ھری پور | **ایکسل لیبز ،**<br>ٹی ایم اے پلازہ شاپ نمبر 6 ، گرلز ڈگری کالج سرکلر روڈ ہری پور کے قریب ، کے پی |
| لاھور | **شوکت خانم میموریل ہسپتال ،**<br>7 اے بلاک آر۔ 3 ایم اے جوہر ٹاؤن ، لاہور ، پنجاب |
| ملتان | **نشتر ہسپتال ،**<br>نشتر روڈ ، جسٹس حامد کالونی ، ملتان ، پنجاب |
| راولپنڈی | **آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی ،**<br>رینج روڈ ، سی ایم ایچ کمپلیکس ، راولپنڈی ، پنجاب |
| کوئٹہ | **فاطمہ جناح اسپتال**<br>بھادر آباد ، وحدت کالوني ، کوئٹہ |
| مظفر آباد | **عباس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (اے آئی ایم ایس) ،**<br>امبور ، مظفرآباد ، آزاد کشمیر |
| گِلگِت | **ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ،**<br>اسپتال روڈ ، گلگت ، جی بی |

مزید شہروں کے لئے دیکھیں
COVID-19 Health Advisory Platform

آپ ہم سے 0092-333-5873268 پر وٹس ایپ پر رابطہ کرکےاپنے اردر گر د کرونا وائرس سے متعلق پھیلی کسی افواہ، غلط معلومات یا دیگرکوئی معلومات ہمیں بتا سکتے ہیں ۔ ہم اپنی کرونا وائرس سِوایکٹس مہم کے ہفتہ وار بلیٹنز کے ذریعے ان **افواہوں کا خاتمہ** کرکے **مستند معلومات** کی آگاہی فراہم کر یں گے۔

یورپیئین یونئین جي مالي تعاون سان

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

هن اشاعتي مواد کي يورپئين يونئين جي مالي تعاون کان ممکن بڻايو ويو آهي جيئن هن جي مندرجات کي ذمه داري مکمل طور پر اکائونٽيبلٽي ليب پاکستان جي ذمي آهي. ۽ ضروري نه آهي ته يورپيئين يونئين هن ۾ پيش کيا ويا خيالات کان متفق هجن